سحری اور افطار کے لئے مستند نقشوں کو استعمال کیجئے

پچھلے چند سالوں سے مارکیٹ میں کچھ ایسے نقشے چھپ کر آرہے ہیں جن میں سحری وافطاری کے اوقات صحیح نہیں ہیں۔ ان میں بعض نقشے بعض انجینئر صاحبان کے تیار کردہ ہیں جن میں صبح صادق وعشاء کے لئے 15 درجہ زیر افق کا اصول اپنایا گیا ہے۔ حالانکہ دارالعلوم کراچی، بنوری ٹاؤن کراچی، جامعہ فاروقیہ کراچی، جامعہ حقانیہ اکوڑہ خٹک اور دیگر بڑے مدارس کے فتاویٰ 18 درجہ زیر افق کے مطابق صبح صادق وعشاء کے اوقات کے صحیح ہونے پر ہے۔ 2008ء میں ادارہ غفران راولپنڈی میں اسلام آباد اور راولپنڈی کے مفتیان کرام کا اجلاس ہوا تھا۔ ان کا متفقہ فیصلہ یہ تھا کہ جو نقشے 18 درجہ زیر افق کے اصول کے مطابق ہیں وہی صحیح ہیں اور جو حضرات 15 درجہ زیر افق کے مطابق نقشے تیار کر رہے ہیں وہ صحیح نہیں ہیں۔ 2009ء میں بھی اس کے بارے میں مسجد ابوبکر صدیق ؓ آباد ویسٹرج میں اجلاس ہوا جس میں یہ متفقہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ اکابر کے قدیم نقشے صحیح ہیں جو کہ 18 زیر افق کے مطابق ہیں۔ ان کے تحریرات کے عکس کے ساتھ ضلع اسلام آباد وراولپنڈی کے لئے 18 درجہ زیر افق کے مطابق صحیح اور مستند نقشہ پیش خدمت ہے۔ اس سے استفادہ کیجئے اور رمضان شریف کی دعاؤں میں تیار کنندہ اور معاونین کو یاد رکھیں۔ اس نقشے کی زیادہ سے زیادہ فوٹو کاپیاں تقسیم کرکے غلط نقشوں کے استعمال سے لوگوں کو بچا کر اللہ تعالیٰ کو راضی کیجئے۔

تیار کردہ۔ سید شبیر احمد کاکا خیل، ممبر مرکزی رؤیت ہلال کمیٹی ومدیر عالمی ادارہ تسہیل الحسابات الاسلامیہ پاکستان ومصنف کتاب فہم الفلکیات والمؤذن۔ **شائع کنندہ۔** خانقاہ امدادیہ مکان نمبر CB-1991/1، گلی نمبر 4 بل مقابل مسجد امیر حمزہؓ اللہ آباد ویسٹرج 3 راولپنڈی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بعض حضرات کی طرف سے حال ہی میں سحری ونماز فجر وعشاء سے متعلق پندرہ (15) ڈگری زیر اُفق سورج کے مطابق جو نئے نقشہ جات تیار کر کے نشر کیے جا رہے ہیں اور اُن میں سحری لمبی اور روزہ چھوٹا وغیرہ ہونے کے عنوان سے لوگوں کو اُن کے استعمال کی ترغیب دی جا رہی ہے، اس پر غور وفکر کے لیے مؤرخہ ۵/شعبان ۱۴۲۹ھ۔ بمطابق 8/ اگست 2008ء بروز جمعہ بعد عصر تا عشاء ادارہ غفران، راولپنڈی میں ایک فقہی مجلس منعقد ہوئی، جس میں راولپنڈی، اسلام آباد کے چند مفتیانِ کرام، اربابِ دارالافتاء واہلِ علم حضرات شریک ہوئے، اور شرکائے مجلس نے اس معاملہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی، اور باہم مذاکرہ ہوا؛ اور غور وفکر وتحقیق کے بعد باہمی اتفاقِ رائے سے یہی قرار پایا کہ صبح صادق اور عشاء کا وقت اٹھارہ (18) درجہ زیرِ اُفق ہونا ہی معتبر ہے۔

اس پر تعامل، تواتر اور توارث چلا آرہا ہے، اور عصرِ حاضر میں مختلف مواقع پر اکابر اہلِ علم واہلِ فن کی طرف سے بارہا کیے جانے والے مشاہدات بھی اسی کے مؤید وموفق ہیں۔

خصوصاً مئی 2008ء میں کراچی کے اہلِ علم کی طرف سے کیے جانے والے تازہ ترین مشاہدات بھی اسی کی تائید کرتے ہیں۔

لہٰذا اس کے برخلاف پندرہ (15) درجہ زیرِ اُفق پر صبح صادق ہونے کا جو قول بعض اہلِ علم کا ہے، اس کی بنیاد پر بعض حضرات کا شد ومد سے جدید نقشے تیار کرنا اور پندرہ (15) درجہ پر صبح صادق ہونے پر جزم واصرار کرنا اور اس کی عامۃ الناس میں تشہیر وتبلیغ کرنا غلط اور نامناسب طرزِ عمل ہے، جس سے ایک طرف تو اُمت میں انتشار وخلفشار اور فتنہ پیدا ہو رہا ہے، اور دوسری طرف یہ پندرہ درجے زیرِ اُفق جدید نقشے عامۃ المسلمین کے روزے اور نمازِ عشاء، کی صحیح ادائیگی میں خلل وخرابی پیدا کرنے کا باعث ہیں۔

لہٰذا یہ مؤقر مجلس اس طرزِ عمل اور پندرہ درجے زیرِ اُفق جدید نقشوں کی بھرپور تردید کرتی ہے، اور اٹھارہ (18) ڈگری زیرِ اُفق کے مطابق نقشوں کو درست اور صحیح تسلیم کرتی ہے۔

اسمائے گرامی شرکائے مجلس	دستخط
(۱) مفتی دوست محمد صاحب (مفتی لال مسجد، اسلام آباد وخطیب: واپڈا اسٹاف کالج، اسلام آباد)	
(۲) مفتی شکیل احمد صاحب (مفتی جامعہ محمدیہ، چائنہ چوک: اسلام آباد)	
(۳) مفتی محمد رضوان صاحب (مفتی ومدیر ادارہ غفران، راولپنڈی)	
(۴) مفتی ریاض محمد صاحب (مفتی دارالعلوم تعلیم القرآن، راجہ بازار؛ راولپنڈی)	
(۵) مفتی ضیاء الرحمن صاحب (مفتی دارالعلوم تعلیم القرآن، راجہ بازار؛ راولپنڈی)	
(۶) مفتی محمد یونس صاحب (معین مفتی ادارہ غفران، راولپنڈی)	
(۷) مفتی احسان الحق صاحب (مفتی لال مسجد، اسلام آباد)	
(۸) مفتی محمد شاکر صاحب (مفتی لال مسجد، اسلام آباد)	
(۹) مفتی محمد عبداللہ صاحب (خطیب: کوثر مسجد، امر پورہ، راولپنڈی)	
(۱۰) مفتی محمد امجد حسین صاحب (معین مفتی ادارہ غفران، راولپنڈی)	
(۱۱) مولانا عبدالسلام آزاد صاحب (مدرس جامعۃ العلوم الاسلامیہ مدینہ گری روڈ صادق آباد نزد ہائی وے راولپنڈی)	
(۱۲) مولانا محمد ناصر صاحب (معین دارالافتاء، ومدرس ادارہ غفران، راولپنڈی)	
(۱۳) مولانا امتیاز احمد صاحب (ادارہ غفران، راولپنڈی)	
(۱۴) قاری عبدالحلیم صاحب (مدرس: ادارہ غفران، راولپنڈی)	
(۱۵) قاری محمد طاہر صاحب (مدرس: ادارہ غفران، راولپنڈی)	

نقشہ سحر وافطار: فروری/مارچ (2026ء / 1447ھ)

ضلع کوئٹہ (اذان فجر -6 منٹ بعد)

تاریخ	انتہائے سحر	افطار	تاریخ	انتہائے سحر	افطار
19/02/26	5:46	6:26	06/03/26	5:30	6:37
20/02/26	5:45	6:27	07/03/26	5:29	6:37
21/02/26	5:44	6:27	08/03/26	5:28	6:38
22/02/26	5:43	6:28	09/03/26	5:27	6:39
23/02/26	5:42	6:29	10/03/26	5:26	6:39
24/02/26	5:41	6:30	11/03/26	5:25	6:40
25/02/26	5:40	6:30	12/03/26	5:24	6:41
26/02/26	5:39	6:31	13/03/26	5:22	6:41
27/02/26	5:38	6:32	14/03/26	5:21	6:42
28/02/26	5:37	6:32	15/03/26	5:20	6:43
01/03/26	5:36	6:33	16/03/26	5:19	6:43
02/03/26	5:35	6:34	17/03/26	5:17	6:44
03/03/26	5:34	6:35	18/03/26	5:16	6:44
04/03/26	5:33	6:35	19/03/26	5:15	6:45
05/03/26	5:32	6:36	20/03/26	5:14	6:46

باسمہٖ تعالیٰ

آج مورخہ ۲۴ شعبان المعظم ۱۴۳۰ھ بمطابق ۱۶ اگست ۲۰۰۹ء بروز اتوار مسجد صدیق اکبرؓ اللہ آباد راولپنڈی میں راولپنڈی اور اسلام آباد کے مفتیان کرام اور جید علماء کرام کا اجلاس صبح صادق اور عشاء کے اوقات اور ان سے متعلقہ نقشہ جات کے بارے میں منعقد ہوا جس میں متفقہ طور پر یہ طے پایا کہ ان اوقات کے بارے میں ہمارے اکابر رحمہم اللہ کی رائے ۱۸ درجہ زیر افق کی ہی صحیح ہے جدید وقدیم مشاہدات اور فنی ماہرین ہمارے اکابر رحمہم اللہ کی متفقہ رائے کی تائید کرتے ہیں۔

نوٹ: حال ہی میں انجینئر بشیر احمد بگوی صاحب کی طرف سے جو نقشہ جات شائع کئے گئے ہیں وہ شرعی طور پر قابل اعتبار نہیں۔ لہٰذا ان پر عمل کر کے اپنی نماز، روزہ کو خراب نہ کیا جائے۔

حضرت مولانا محمد عزیز الرحمٰن ہزاروی صاحب دارالعلوم زکریا بستی انوار مدینہ ترنول اسلام آباد
حضرت مولانا عبدالغفار صاحب نائب مہتمم جامعۃ العلوم الاسلامیہ الفریدیہ E/7 اسلام آباد
حضرت مولانا مفتی محمد فاروق صاحب رئیس دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ الفریدیہ اسلام آباد
حضرت مولانا مفتی خلیل احمد صاحب رئیس دارالافتاء جامعہ عربیہ اسلامیہ گلستان کالونی لین 7 راولپنڈی
حضرت مولانا الطاف الرحمٰن صاحب جامعہ دارالہدیٰ گولڑہ ریلوے اسٹیشن اسلام آباد
حضرت مفتی شفیق الہادی صاحب جامعہ خالد بن ولید شمس کالونی نزد گولڑہ موڑ (اسلام آباد)
حضرت مفتی ابرار حسین ستی صاحب دارالافتاء ادارہ غفران راولپنڈی
حضرت مفتی دوست محمد مزاری صاحب دارالافتاء مرکزی لال مسجد اسلام آباد
حضرت مولانا مفتی احسان الحق صاحب دارالافتاء مرکزی جامع مسجد (لال مسجد) اسلام آباد
حضرت مولانا مفتی عبدالنور صاحب دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیہ الفریدیہ ای سیون اسلام آباد
حضرت مولانا مفتی محمد زہیر احمد صاحب دارالافتاء جامعۃ العلوم الشرعیہ بکری چوک راولپنڈی
حضرت مولانا مفتی فیض الدین صاحب رئیس دارالافتاء جامعہ دارالعلوم زکریا اسلام آباد
حضرت مولانا مفتی عبدالرحمٰن صاحب دارالافتاء جامعہ دارالعلوم زکریا اسلام آباد
حضرت مولانا مفتی محمد اسداللہ صاحب دارالافتاء جامعہ دارالہدیٰ گولڑہ اسٹیشن اسلام آباد

بندہ شبیر احمد کاکا خیل بطور فنی ماہر فلکیات جدید فلکیات کی روشنی میں اکابر علماء کرام اور مفتیان کرام کی رائے کی تائید کرتا ہے۔ بندہ کے مشاہدات بھی ۱۸ درجہ زیر افق پر صبح صادق اور عشاء کے واقع ہونے کی تصدیق کرتے ہیں۔ پروفیسر عبداللطیف صاحب مدظلہ اور امریکہ کے ڈاکٹر شوکت صاحب بھی اس میں بندہ کے ساتھ ہیں۔

نوٹ: اپنی گھڑیوں کو ریڈیو کے وقت کے مطابق سیٹ کریں۔

خانقاہ رحمکاریہ امدادیہ کا فون نمبر 051-5470582,0321-5289274